۴۔ یہ کہ بعد از فیصلہ مدعا علیہ نمبر 1 کے بھائی امتیاز احمد نے مکان کی دخلیابی کا دعویٰ عدالت دیوانی جہلم میں دائر کر دیا۔ جو زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 29.10.2021 مقرر ہے۔

۵۔ یہ کہ مدعا علیہ نمبر 1 نے برخلاف مدعی و دیگران سال 2011 میں FIR نمبر 5/11 زیر دفعہ 448,380,411 ت پ تھانہ صدر جہلم مورخہ 06.01.2011 کو درج رجسٹرڈ کرائی جس میں مدعی اور دیگران بری ہوئے۔ اور اب مئی 2021 میں ایک اور FIR نمبری 281/21 زیر دفعہ 448,380,411 ت پ تھانہ صدر جہلم مورخہ 28.05.2021 درج رجسٹرڈ کروائی جس میں مدعی و دیگران برضمانت ہیں۔ اس کے بعد مدعا علیہ نمبر 1 نے جعل سازی، فراڈ اور دھوکہ دہی سے مورخہ 12.06.2021 کو مدعا علیہ نمبر 2 جو کہ ایک اجنبی شخص ہے جو ضلع جہلم کا رہائشی ہی نہ ہے اس کے ساتھ مکان زیر قبضہ مدعی تعدادی 9 مرلے و حویلی 4 مرلے کا فرضی اور جعل سازی سے کرایہ نامہ درج رجسٹرڈ کروایا۔ اور اس کے بعد اس فرضی اور جعلی کرایہ نامہ کی بناء پر ایک اور FIR نمبری 539/21 مورخہ 23.09.2021 زیر دفعہ 448,380,411 ت پ تھانہ صدر جہلم جس میں مدعی برضمانیت ہے جبکہ دیگران کی ضمانت ہائے قبل از گرفتاری کنفرم ہو چکی ہیں۔

۶۔ یہ کہ معاہدہ کرایہ داری مورخہ 12.06.2021 بوجوہات ذیل قابل منسوخی ہے۔

i) یہ کہ مدعی کی پیدائش سے لے کر آج تک کبھی بھی مدعا علیہ نمبر 1 اور مدعا علیہ نمبر 2 مکان و حویلی متدعویہ پر قابض نہ رہے ہیں اور ایک لمحے کے لیے بھی رہائش پذیر نہ رہے ہیں۔

ii) یہ کہ معاہدہ کرایہ داری فراڈ، دھوکہ دہی اور جعل سازی کی بناء پر ہونے کی وجہ سے بھی قابل منسوخی ہے۔

iii) یہ کہ مدعا علیہ نمبر 2 مدعا علیہ نمبر 1 کی بہن کا ملازم ہے جو کہ انگلینڈ میں رہائش پذیر ہے۔ جس کو فرضی طور پر کرایہ دار بنا کر مدعی کے خلاف FIR درج کروائی گئی۔ لہذا معاہدہ کرایہ داری قابل منسوخی ہے۔

iv) یہ کہ مدعا علیہ نمبر 1 انتہائی با اثر اور سرمایہ دار شخص ہے جو اب بدمعاشی کے ساتھ اور زور زبردستی سے مکان نمبر 1 و حویلی اور ساتھ ہی مکان نمبر 3 پر قابض ہونا چاہتا ہے۔ جس کے لیے وہ مدعی کے خلاف ہر ناجائز ہتھ کنڈا استعمال کر رہا ہے جبکہ مدعی کا اللہ کے سوا کوئی نہ ہے۔

v) یہ کہ معاہدہ کا کرایہ داری مدعی کے ملکیتی مکان 5 مرلے اور زیر قبضہ مکان 9 مرلے معہ حویلی 4 مرلے کا ہے لہذا قابل منسوخی ہے۔

۷۔ یہ کہ ہر چند مدعا علیہم سے کہا گیا ہے کہ وہ معاہدہ کرایہ داری مورخہ 12.06.2021 مبنی بر فراڈ، دھوکہ دہی، جعلی، فرضی اور من گھڑت ہونے کی بناء پر از خود منسوخ کرا دیں اور مدعی کے مکان و حویلی مذکورہ عنوان بالا میں مداخلت کرنے، قبضہ مدعی میں مخل ہونے یا کسی دیگر طریقہ سے مکان و حویلی مذکورہ بالا کی موجودہ حیثیت و نوعیت تبدیل کرنے سے باز و ممنوع رہیں مگر وہ از خود ایسا کرنے سے انکاری ہیں۔

۸۔ یہ کہ بنائے دعویٰ و بنائے مخاصمت آخری انکار مدعا علیہم دو یوم قبل پیدا ہوئی جو تا حال جاری ہے۔

یہ کہ رہائش فریقین و جائے متدعویہ اندر حدود تحصیل و ضلع جہلم ہے لہذا عدالت حضور کو اختیار سماعت دعویٰ ہذا حاصل ہے۔

یہ کہ مالیت دعویٰ بغرض کورٹ فیس و اختیار سماعت -/5000 روپے مقرر کی جاتی ہے جو کہ کورٹ فیس سے مستثنٰی ہے۔

اندریں حالات استدعا ہے کہ دعویٰ مدعی بمطابق عنوان و متن عرضی دعویٰ بحق مدعی برخلاف مدعا علیہ ڈگری فرمایا جائے۔ نیز دیگر دادرسی جو قرین انصاف عدالت جناب ہو عطا فرمائی جائے۔

مورخہ:

عرضے

صغیر احمد ولد محمد شریف ساکن بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم

یق کرتا ہے کہ مندرجات عرضی
بہترین علم و یقین سے بالکل درست
یا پوشیدہ نہ رکھا گیا ہے۔ مورخہ

بذریعہ کونسل: راجہ شاہد محمود ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، جہلم

Raja Shahid Mahmood
Advocate High Court
District Courts, Jhelum